दैनिक निशात न्यूज़
मालेगांव
نشاط نیوز
روزنامہ

Vol. No.9 | Issue 105 | ₹ 2 /- | 31-01-2022 | MONDAY | Daily NESHAT NEWS MALEGAON
جلد نمبر ۹ | شمارہ نمبر ۱۰۵ | ۳۱ جنوری ۲۰۲۲ء بمطابق ۲۷ جمادی الآخر ۱۴۴۳ھ | پیر


سنر سرکٹ ہاؤس میں گورنر بھگت سنگھ کوشیاری کی آمد و استقبال



ناسک (اسٹاف رپورٹر) مہاراشٹر کے گورنر بھگت سنگھ کوشیاری 30 جنوری کو ناسک ضلع کے سنر سرکٹ ہاؤس پہنچے۔ اس موقع پر پرانت آفیسر پر ارچنا پاٹھارے پھاڑے نے گورنر کوشیاری کا پھولوں سے استقبال کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ آف پولیس مادھوری کنگانے، تحصیلدار راہول کوتاڈے اور دیگر افسران موجود تھے۔ سنر سرکٹ ہاؤس سے، گورنر بھگت سنگھ کوشیاری بذریعہ کار مہاتما پھولے زرعی یونیورسٹی، راہوری ضلع احمد نگر کے سفر پر روانہ ہوئے۔


مہاتما گاندھی کی ۷۴ ویں برسی

ملک کی اہم شخصیات نے پیش کیا خراج عقیدت



نئی دہلی (ایجنسی) بابائے قوم مہاتما گاندھی کو ان کی 74 ویں برسی کے موقع پر قوم اور اہم شخصیات کی جانب سے خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ملک کے ساتھ بیرون ملک میں بھی عدم تشدد کے پیروکار باپو کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا ماہانہ پروگرام من کی بات اس بار اپنے مقررہ وقت سے کچھ دیر بعد شروع ہوا، کیونکہ وزیر اعظم مودی نے پہلے باپو کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس کے بعد وہ ریڈیو کے ذریعے من کی بات پروگرام میں شامل ہوئے۔ کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے اتوار کو راج گھاٹ پر بابائے قوم مہاتما گاندھی کو ان کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے باپو کی سمادھی پر پھول بھی چڑھائے۔ اس دوران سرو دھرم سبھا میں باپو کے پسندیدہ بھجن گائے گئے۔ راہل گاندھی نے اس سے پہلے ٹوئٹ کیا "ایک ہندوتوادی نے گاندھی جی کو گولی ماردی۔ تمام ہندوتوادیوں کو لگتا ہے کہ گاندھی جی نہیں رہے ہیں۔ مگر جہاں سچ ہے، باپو وہیں زندہ ہیں۔"

پونے ممبئی نیشنل ہائی وے پر خوفناک حادثہ، ۵ ہلاک



پمپری (ایجنسی) پونے ممبئی نیشنل ہائی وے پر کرلا کے قریب شلاتنے میں اتوار کی صبح ایک خوفناک سڑک حادثے میں پانچ افراد ہلاک ہوگئے۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک تیز رفتار کار کنٹینر سے جا ٹکرائی۔ اس میں کار میں سوار پانچ افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ فوت شدہ تمام لوگ مرابھا چندر کے رہنے والے اور ایک ہی فیملی کے افراد بتائے جا رہے ہیں۔ تاہم ان کی دیگر تفصیلات نہیں مل سکیں۔ حادثے کے بعد ہائی وے پر کافی دیر تک جام رہا، پولیس کو ٹریفک کنٹرول کرنے میں کافی مشقت کرنی پڑی۔ اس حادثہ کے تعلق سے لوناولا پولیس سے ملی معلومات کے مطابق کل صبح تقریباً 7.30 بجے کے قریب پونے۔ ممبئی نیشنل ہائی وے پر پونے کی سمت آرہی کار (CK 7805HR-26) کے ڈرائیور نے تیز رفتاری کے باعث کار لا فاتا کے بعد کار سے کنٹرول کھو دیا۔ یہ کار سڑک کے ڈیوائیڈر کو توڑ کر ممبئی کی طرف جانے والے کنٹینر (MH-43 Y 5130) سے جا ٹکرائی۔ یہ ٹکر اتنی زوردار تھی کہ اس میں کار چکنا چور ہوگئی۔ کار میں سوار پانچ افراد کی موقع پر دردناک موت ہوگئی۔

آئی اے ایس آفیسر سشیل کھوڈویکر کو پولس تحویل

ناکام طلباء کو کامیاب کروانے کیلئے خطیر رقم لی گئی



پونہ (ایجنسی) ٹی ای ٹی امتحان گھوٹالہ میں گرفتار منترالیہ کے ایجوکیشن محکمہ میں بطور ڈپٹی سیکریٹری اور موجودہ محکمہ زراعت کے سیکریٹری آئی اے ایس آفیسر سشیل کھوڈویکر کو عدالت میں پیش کیا گیا جہاں اسے معزز جج نے تین دنوں کی پولس تحویل دینے کا حکم جاری کیا۔ ہوتی سائبر پولس کے مطابق سشیل کھوڈویکر سے پوچھ گچھ میں پتہ چلا کہ وہ بھی اس گھوٹالے میں ملوث تھے۔ جانچ میں یہ معلومات سامنے آنے کے بعد تفتیش گہرائی سے جاری کردی گئی ہے۔ اس معاملے میں سشیل کھوڈویکر نے جی اے سافٹ ویئر ٹیکنالوجی کمپنی کو بلیک لسٹ سے نکالنے میں مدد کی۔ پولس کی معلومات کے مطابق سشیل نے ساورکر سے بھی خطیر رقم لئے۔ تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ کئی امیدوار فیل ہوچکے ہیں۔ کھوڈویکر نے کمشنر تکارام سوپے کو بتایا کہ لڑکے پاس ہو گئے۔ اس معاملے میں سشیل کھوڈویکر نے ساورکر سے پیسے لیے اور سوپے کو کینڈیٹ کو کامیاب کروانے کو کہا۔ اس طرح یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ کھوڈویکر نے ڈپارٹمنٹل انکوائری کے دوران تکارام سوپے کو بری کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ خیال رہے کہ سشیل کھوڈویکر ایجوکیشن محکمہ میں انڈر سیکریٹری تھے۔ فی الحال ان کی تقرری محکمہ زراعت میں ہے۔ سشیل کھوڈویکر کو سنیچر کی صبح گرفتار کیا گیا اور دوپہر کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ جہاں انہیں 31 جنوری تک پولس تحویل میں رکھے جانے کا حکم صادر کیا۔ ٹیچر اہلیت ٹیسٹ (ٹی ای ٹی امتحان گھوٹالہ) کے معاملے میں سوپے، ساورکر، جی اے سافٹ ویئر ٹیکنالوجیز کمپنی کے ڈائریکٹر پریتش دیشمکھ، سابق ڈائریکٹر اشون کمار اور اس وقت کے کمشنر ایجوکیشن سکھدیو ڈیرے سمیت دیگر سرکاری ملازمین اور ایجنٹ کو گرفتار کیا گیا ہے۔

شیوسینا رکن پارلیمنٹ سنجے راوت کا راہل گاندھی پر نشانہ

"اگر اصلی ہندوتوادی ہوتا تو جناح کو گولی مارتا"

نئی دہلی (ایجنسی) شیوسینا کے رکن پارلیمنٹ سنجے راوت نے کانگریس پارٹی کے سابق صدر راہل گاندھی پر تنقید کی ہے۔ سنجے راوت نے کہا ہے کہ اگر کوئی اصلی ہندوتوادی ہوتا تو وہ مہاتما گاندھی کو نہیں بلکہ محمد علی جناح کو گولی مارتا۔ دراصل راہل گاندھی نے ٹوئٹر پر لکھا تھا کہ ایک ہندوتوادی نے گاندھی جی کو گولی ماری تھی۔ واضح رہے کہ آج مہاتما گاندھی کی 74 ویں جینتی ہے۔ 30 جنوری 1948 کو ناتھو رام گوڈسے نے مہاتما گاندھی کو گولی مار کر قتل کر دیا تھا۔ سنجے راوت نے راہل گاندھی کے بیان پر رضامندی نہیں ظاہر کی۔ انہوں نے کہا، اگر کوئی اصلی ہندوتوادی ہوتا تو وہ محمد علی جناح کو گولی مارتا۔ گاندھی کو گولی کیوں مارتا۔ جناح نے پاکستان کا مطالبہ کیا تھا، اگر ہمت تھی آپ میں اور آپ مرد تھے تو پاکستان کا مطالبہ کرنے والوں کو گولی مارتا۔ وہ حب الوطنی کا کام ہوتا۔ راہل گاندھی نے کیا کہا تھا؟ واضح رہے کہ اتوار کی صبح راہل گاندھی نے مہاتما گاندھی کو یاد کرتے ہوئے ٹوئٹر پر لکھا، ایک ہندوتوادی نے گاندھی جی کو گولی ماری تھی۔ سب ہندوتوادیوں کو لگتا ہے کہ گاندھی جی نہیں رہے۔ جہاں سچ ہے، وہاں آج بھی باپو زندہ ہیں! ہندوتوادی پر سیاست ادا واضح رہے کہ حال کے دنوں میں راہل گاندھی نے کئی بار ہندوتوادی کا موضوع اٹھایا ہے۔ گزشتہ سال دسمبر میں راجستھان میں ایک ریلی کے دوران انہوں نے کہا تھا کہ وہ لوگوں کو ہندو اور ہندوتوا کے درمیان فرق بتانا چاہتے ہیں۔

پیگاسس جاسوسی معاملہ پر اہم انکشاف کے بعد مشکل میں مودی حکومت!

سپریم کورٹ میں نئی عرضی داخل

نئی دہلی (ایجنسی) پیگاسس جاسوسی کیس کی تحقیقات کے لیے دائر عرضیوں میں سے ایک کے عرضی گزار وکیل ایم ایل شرما نے سپریم کورٹ میں ایک اور ضمنی درخواست دائر کی ہے۔ 'آج تک' کے ویب پورٹل پر شائع ہونے والی خبر کے مطابق عرضی کا یہ حلف نامہ 'نیو یارک ٹائمز' میں شائع رپورٹ کی بنیاد پر دائر کیا گیا ہے۔ نیویارک ٹائمز نے اپنی تحقیقات کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ میں کہا ہے کہ اسرائیلی حکومت نے پیگاسس ٹیکنالوجی دفاعی سودے کے تحت ہندوستان کو فروخت کی تھی۔ شرما نے مطالبہ کیا ہے کہ اس سودے کے لیے متعلقہ افسر یا اتھارٹی کے خلاف ایف آئی آر درج کرکے تحقیقات کا آغاز کیا جائے۔

ملک میں کورونا وائرس سے ہلاکتوں کی تعداد میں تشویشناک اضافہ

نئی دہلی (ایجنسی) ہندوستان اس وقت کورونا کی تیسری لہر کا سامنا کر رہا ہے۔ اگرچہ حالات میں بتدریج بہتری آرہی ہے تاہم ہلاکتوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ تشویشناک ہے۔ یہاں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جان لیوا وبا سے 893 مریضوں کی موت ہوئی ہے، جبکہ کل یہی تعداد 871 تھی۔ یہ راحت کی بات ہے کہ صحت یاب ہونے والوں کی تعداد نئے کیسز سے زیادہ ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک میں 2 لاکھ 34 ہزار 281 نئے کیسز سامنے آئے ہیں اور اس کے ساتھ ہی کیسز کی مجموعی تعداد چار کروڑ 10 لاکھ 92 ہزار 522 ہوگئی ہے۔ اس دوران 62 لاکھ 22 ہزار 682 افراد کو کووڈ ویکسین لگائی گئی ہے جس سے اتوار کی صبح 7 بجے تک ایک ارب 65 کروڑ 70 لاکھ 60 ہزار 692 افراد کو کووڈ ویکسین لگائی جاچکی ہیں۔ اعداد و شمار کے مطابق اس وقت ملک میں کورونا کے ایکٹیو کیسز کی تعداد 18 لاکھ 84 ہزار 937 ہے۔

زین العابدین (زین انصاری کارواں والے) انتقال کر گئے



مالیگاؤں محلہ اسلام پورہ کی مشہور و معروف شخصیت بابو سیٹھ کارواں والے کے پوتے، محمد حنیف کارواں کے لڑکے زین العابدین المعروف زین انصاری صاحب کارواں والے (سابق آکٹرائے سپرنٹنڈنٹ آفیسر) کل مورخہ ۳۰ جنوری ۲۰۲۲ء بروز اتوار شام 6 بجے مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ تدفین کل رات ساڑھے ۱۰ بجے بڑا قبرستان میں عمل میں آئی۔ اللہ رب العزت سے دعا ہے کہ وہ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور جملہ متعلقین کو صبر کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

'پب جی' کھیلنے کا عادی بیٹا ہی ماں، بہنوں اور بھائی کا قاتل نکلا

پاکستان (ایجنسی) پاکستانی دار الحکومت لاہور کی پولیس نے دعویٰ کیا کہ گذشتہ دنوں کاہنہ کے علاقے میں ایک خاتون اور ان کے تین بچوں کا قاتل خاتون کا 18 سالہ بیٹا ہی نکلا ہے جو پب جی گیم کھیلنے کا عادی تھا۔ پنجاب پولیس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں دعویٰ کیا ہے 18 سالہ بیٹے نے گھر میں موجود پستول سے اپنی والدہ، چھوٹے بھائی اور دو بہنوں کو قتل کیا اور ٹاسک مکمل کرنے کے بعد گھر کی زیریں منزل پر آکر سو گیا۔ یاد رہے کہ لاہور میں خاتون اور ان کے تین بچوں کے قتل کا واقعہ 19 جنوری کو پیش آیا تھا۔

زندہ ضعیف خاتون کو مردہ قرار دیا گیا

حیدرآباد (ایجنسی) انسانی حقوق کمیشن نے ضعیف خاتون کا وظیفہ روک دینے کے واقعہ پر عہدیداروں پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ تلنگانہ کے جنگاؤں ضلع کے لنگالا گھن پور دیہات کی رہنے والی انجماں کا وظیفہ تقریباً ایک سال سے روک دیا گیا تھا۔ بعد میں کلکٹر نے اس شکایت کا نوٹس لیتے ہوئے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ جب انجماں کے وظیفہ کی رقم کی عدم اجرائی کی وجوہات معلوم کی گئیں تو پتہ چلا کہ ریکارڈ میں اس ضعیف خاتون کو مردہ قرار دیا گیا جس سے وظیفہ کی رقم روک دی گئی ہے۔

سی اے اے مخالف احتجاج میں فوت سلیمان کی والدہ کا پرچہ نامزدگی منسوخ



ایجنسی: بجنور سے کانگریس کی امیدوار انوری بیگم کا پرچہ نامزدگی منسوخ کر دیا گیا ہے۔ انوری بیگم بجنور کے نہٹور میں سی اے اے۔ این آر سی مخالف احتجاج کے دوران جان گنوانے والے سلیمان کی والدہ ہیں اور اہل خانہ کا الزام ہے کہ اس کی جان پولیس کی گولی سے گئی تھی۔ سلیمان یو پی ایس سی کی تیاری کر رہا تھا اور اس کی موت کے بعد کانگریس لیڈر پرینکا گاندھی ان کے گھر پہنچی تھیں۔ ایک ہفتہ قبل کانگریس نے انہیں بجنور اسمبلی سیٹ سے امیدوار قرار دیا تھا۔

اب الہ آباد میں پھر دھرم سنسد سے زہر افشانی، ہندوستان کو 'ہندو راشٹر' قرار دینے کا مطالبہ



الہ آباد (ایجنسی) ہندوتوادی عناصر کی جانب سے انتخابی موسم کے دوران بھی مسلمانوں کے خلاف زہر فشانی کا سلسلہ لگاتار جاری ہے۔ اتراکھنڈ کے ہریدوار اور چھتیس گڑھ کے رائے پور کی طرز پر اب یوپی کے الہ آباد میں دھرم سنسد کا انعقاد کیا گیا۔ یہاں بھی مقررین نے مسلمانوں، مہاتما گاندھی اور جواہر لال نہرو کے خلاف نفرت انگیز بیان بازی کی۔ دریں اثنا، یتی نرسنگھانند اور وسیم رضوی عرف جتیندر نارائن تیاگی کی رہائی کے علاوہ حکومت کے سامنے کئی دیگر تجاویز پیش کیں۔ آج تک پر شائع رپورٹ کے مطابق الہ آباد کی دھرم سنسد میں سنتوں نے جو پہلی قرارداد پیش کی اس میں ہندوستان کو 'ہندو راشٹر' قرار دینے کا مطالبہ کیا گیا۔ دوسری قرارداد میں تبدیلی مذہب کو روکنے کے لئے قانون کو مزید سخت کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے مذہب تبدیل کرنے والوں کو سزائے موت دینے کا مطالبہ کیا گیا۔ تیسری قرارداد میں ہریدوار دھرم سنسد میں اشتعال انگیز تقریریں کرنے والے یتی نرسنگھانند اور جتیندر تیاگی کی غیر مشروط رہائی کا کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق دھرم سنسد میں موجود مہامنڈلیشور پربھودانند مہاراج نے مذہب اسلام کے خلاف جم کر بیانبازی کی اور مسلمانوں کو جہادی بتا کر ہندوؤں کو کبوتر قرار دیا۔ پربھودانند کے بیان کا مفہوم تھا کہ کبوتر بلیوں سے ہوشیار رہیں ورنہ شکار ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث اور ہندوؤں کا احترام نہیں کرنے والے پاکستان یا بنگلہ دیش چلے جائیں۔ اسنت کیشری مہاراج نے اس مسلمانوں کے فرقوں کا شمار کرتے ہوئے بتایا کہ تین مقامات سے فتوے جاری ہوتے ہیں۔ انہوں نے حکومت ہند سے مطالبہ کیا کہ ان مذہبی اداروں کو ختم کر دیا جائے جہاں سے فتوے جاری ہوتے ہیں۔ تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر موجود نریندرانند سرسوتی نے کہا کہ اپنے دیوی دیوتاؤں سے تعلیم لینے کے بعد ہمیں اپنے ہاتھوں میں ہتھیار اٹھا لینے چاہئے۔ انہوں نے یہاں تک کہہ دیا کہ روکو تو کو اور نہ ماننے پر ٹھونک دو۔ انہوں نے ملک کا دفاعی بجٹ بڑھانے کی اپیل بھی کی اور غداروں کو گرم تیل سے نہلانے کی وکالت کی۔ انہوں نے مہاتما گاندھی کو بابائے قوم ماننے سے بھی انکار کر دیا اور جواہر لال نہرو کے بجائے نیتا جی سبھاش چندر بوس کو ہندوستان کا پہلا وزیر اعظم قرار دیا۔ نریندرانند سرسوتی نے دھرم سنسد میں مطالبہ کیا ہے کہ اتراکھنڈ حکومت غیر مشروط طور پر یتی نرسنگھانند اور جتیندر نارائن تیاگی کو ایک ماہ کے اندر رہا کرے، ایسا نہیں ہوا تو پرتشدد احتجاج کا انتباہ دیا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مذہب تبدیل کرنے والوں کو پھانسی دی جانی چاہئے اور ہندوؤں کو پانچ پانچ بچے پیدا کرنے چاہئیں۔

تین طلاق قانون کی پیروکار

ندا خان بی جے پی میں شامل



لکھنؤ (ایجنسی) اعلیٰ حضرت ہیلپنگ سوسائٹی کی صدر و تین طلاق کے معاملے میں پیش پیش رہنے والی سماجی کارکن ندا خان نے اتوار کو بی جے پی کی رکنیت اختیار کرلی۔ اس دوران ایس پی لیڈر شیو چرن پرجاپتی بھی بی جے پی میں شامل ہوئے۔ بی جے پی کے سابق صدر و جوائننگ کمیٹی کے صدر ڈاکٹر لکشمی کانت واجپئی نے یہاں واقع پارٹی دفتر میں ندا خان اور دیگر پارٹیوں سے آئے لیڈروں کو پارٹی کی رکنیت دلائی۔ ندا خان اتحاد ملت کونسل کے صدر مولانا توقیر رضا کے بھتیجے کی طلاق شدہ بیوی ہے۔ اس دوران

بقیہ صفحہ آخر۔۔۔۔۔

فرمان خداوندی

قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "اور جو رسول (ﷺ) کا خلاف کرے بعد اسکے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اسے اسکے حال پر چھوڑ دینگے اور اسے دوزخ میں داخل کرینگے اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی"۔ (سورۃ النساء:۱۱۵)

حدیث نبوی ﷺ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "حج وعمرہ اکٹھا کرو کہ یہ محتاجی اور گناہوں کو اس طرح دور کر دیتا ہے جس طرح بھٹی لوہے کے میل کو"۔ (سنن النسائی، کتاب مناسک الحج، باب فضل المتابعۃ بین الحج والعمرۃ، الحدیث ۲۶۳۱، ص ۲۲۵۸)

زرین شعاعیں

"حسد ایسی بری شئے ہے جو ایمان کو کھوکھلا اور اللہ کی رحمت سے محروم کر دیتی ہے۔ موت کو یاد کرتے رہنا نفس کی تمام بیماریوں کا علاج ہے"۔
(غوث الاعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ)

چوتھا آل مالیگاؤں مسابقہ حفظ قرآن وتقریر وتقریب استقبالیہ

مالیگاؤں (پریس ریلیز) پوار واڑی جیسے مضافاتی علاقے میں مساجد کے ائمہ کرام کے ذریعے تشکیل شدہ ادارہ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے زیر اہتمام چوتھا آل مالیگاؤں مسابقہ حفظ قرآن وتقریر نیز شہر کے موقر علماء کرام کی اعزازی واستقبالیہ تقریب مورخہ 3 فروری 2022ء بروز جمعرات بعد نماز عشاء فوراً، حبیب لانس، 80 فٹی روڈ نورنگ کالونی میں منعقد ہو رہی ہے۔ اس مسابقے کی خاص بات یہ ہوتی ہے کہ اس میں انتہائی کم عمر کے حفاظ کرام کو شامل کر کے دوسروں کے لئے بطور نمونہ پیش کیا جاتا ہے۔ امسال بھی شہر عزیز کے بیشتر شہری مدارس کے طلباء کے درمیان حفظ قرآن وتقاریر پر مشتمل مسابقے کا انعقاد عمل میں آ رہا ہے، نیز سالہائے گذشتہ کی طرح ادارے کی جانب سے مالیگاؤں شہر میں قال اللہ وقال الرسول کے لئے اپنی زندگیوں کو وقف کر دینے والے علماء کرام کا اعزاز و استقبال بھی ہوگا، اس مسابقے کی صدارت الحاج محمد مکی سیٹھ صاحب فرمائیں گے جب کہ مقرر خصوصی کی حیثیت سے رکن شوریٰ دار العلوم دیوبند حضرت مولانا مفتی محمد اسماعیل قاسمی صاحب دامت برکاتہم تشریف فرما ہوں گے، اہلیان شہر سے گذارش ہے کہ آپ کے اپنے نونہالوں کے حق میں منعقد ہونے والے اس مسابقے میں ضرور تشریف لائیں، اسطرح کی اپیل صدر وارکین ادارہ زید بن ثابت رضی اللہ، پوار واڑی، مالیگاؤں نے کی ہے۔

KBH فارمیسی کالج میں جشن یوم جمہوریت منایا گیا




مالیگاؤں (پریس ریلیز) شہر مالیگاؤں کے مشہور و معروف کے۔ بی۔ ایچ فارمیسی کالج کے وسیع و عریض گراؤنڈ پر مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۲۲ بروز بدھ کو جشن یوم جمہوریت نہایت ہی تزک واحتشام کے ساتھ منایا گیا۔ رسم پرچم کشائی کالج کے چیئرمین پرساد باپو ہیرے کے ہاتھوں انجام پذیر ہوئی۔ سوشل ڈسٹنسنگ کے ساتھ تمام اساتذہ جشن آزادی میں شریک تھی۔ شہر مالیگاؤں کو گرین سٹی بنانے اور شہر عزیز کو آلودگی سے پاک رکھنے اور کورونا سے پاک رکھنے کیلئے کے۔ بی۔ ایچ۔ فارمیسی کالج کے چیئرمین پرساد باپو ہیرے نے احتیاط سے رہنے کی تلقین کی۔ اس موقع پر کالج کے ٹرسٹی اقبال ہیرے اور کالج کے پرنسپل ڈاکٹر ونود بیراگی اور باہر سے آئے ہوئے مہمانان و جملہ اسٹاف ممبران بھی موجود تھے۔ اس طرح کی خبر دفتر ہذا کو کے بی ایچ فارمیسی کالج کے پروفیسر عمران سر نے دی۔

ریلوے میں ملازمت کے مواقع: صدر سی سی آئی

مالیگاؤں (پریس ریلیز) چیف پروجیکٹ منیجر ریلوے ریکروٹ منٹ سیل ممبئی 400010 کی جانب سے اعلان کیا گیا ہے کہ اس محکمہ میں ملازمت کے حصول میں دلچسپی رکھنے والے امیدوار اپنی صلاحیتوں کے حساب سے ملازمت کے لئے عریضہ کر سکتے ہیں۔ ریلوے ڈپارٹمنٹ انہیں ضروری تربیت دے کر برسر روزگار کرے گا۔ 17 جنوری 2022 سے عریضہ داخل کرنے کا کام جاری ہے جو آن لائن ہوگا آن لائن عریضہ کرنے کی آخری تاریخ 16 فروری 2022 شام میں ۵ بجے تک ہے۔ 2422 امیدواروں کی تقرری کی جانے والی ہے۔ عریضہ کنندگان میں سے امیدوار کا انتخاب میرٹ پر کیا جائے گا۔ تعلیمی کارکردگی کے فی صد مارکس کے ساتھ ITI کی فی صد مارکس کو بھی میرٹ تیار کرنے کے وقت سامنے رکھا جائے گا۔ عریضہ کرنے والی کی عمر پندرہ سال سے کم نہ ہو اور نہ 17/01/2022 کو چوبیس سال سے زیادہ ہو۔ دسویں، بارہویں پاس ایسے طلبا جن کی کم از کم مارکس 50% ہو عریضہ کر سکتے ہیں۔ عریضہ کرنے کی فیس 100 روپے جو واپس نہیں کی جائے گی۔ دیگر تفصیلات نیز عریضہ صرف اور صرف آن لائن ہی دیئے جا سکتے ہیں۔ جس کے لئے www.rrccr.com پر وزٹ کرنا ہوگا۔ دسویں یا اس کے مساوی امتحان کی مارکس شیٹ کا جنم داخلہ، پاس کئے گئے ٹیکنیکل کورس کی مارکس شیٹ، NCVT کے ذریعے جاری کردہ نیشنل ٹریڈ سرٹیفکیٹ، کاسٹ سرٹیفکیٹ، اور Handicapp سرٹیفکیٹ اگر ہو تو وغیرہ عریضہ کے ساتھ منسلک کریں۔ صدر سی سی آئی نے بے روزگار نوجوانوں کی معلومات کے لئے یہ پریس نوٹ جاری کی۔

موت ایسی ہو کہ دنیا دیر تک ماتم کرے



مالیگاؤں (پریس ریلیز) 23 نومبر 2021، بروز منگل کا وہ سوگوار دن جب میری ہر دلعزیز شاگرد کنیز فاطمہ شکیل احمد نے نہایت کم عمری میں دنیا کو الوداع کہا آج کچھ وقت کے بعد قلم کچھ لکھنے کے قابل ہوا تو یاد آ رہا ہے وہ وقت جب وہ J.A.T گرلس ہائی اسکول کی جماعت دہم کی ایک ہونہار طالبہ سے J.A.T. کیمپس میں ہارون انصاری اردو پرائمری اسکول کی ایک کامیاب معلمہ بنی۔ زندگی کے اس سفر میں اس نے نجانے کتنے نشیب وفراز طے کئے مگر اپنے والد اور اپنی بیٹی کیلئے کچھ کرنے کی چاہ میں ہر مشکل کو ہنس کر گلے لگانے والی کنیز اپنی بیٹی "حیات" کو زندگی دینے کی بجائے خود زندگی کی بازی ہار گئی۔ کنیز آج جب ہمارے درمیان نہیں ہے تو مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں کہ ٹیچر تو بہت ملیں گے مگر کنیز نہیں ملے گی خلوص اپنائیت کام کرنے کے تئیں اس کا حوصلہ اپنی مثال آپ تھا۔ وہ صرف اپنے طلباء کو ہی مقابلے کیلئے تیار نہیں کرتی تھیں بلکہ خود بھی ٹیچرس منعقد کئے گئے مقابلوں میں شرکت کرتی اور الحمد للہ انعام کی حقدار ہوتی بھیونڈی میں منعقد ہم نشیں ادارے کی جانب سے تقریری مقابلے میں حصہ لیا تو دوم انعام ملا۔ غزل خوانی میں حصہ لیا تو اول انعام کی حقدار پائی، مالیگاؤں میں آن لائن نظام تعلیم پر مضمون نویسی میں اول انعام ملا اور آل مہاراشٹر تقریری مقابلے میں ادارہ انجمن خیر الاسلام میں بھی شرکت کی۔ کلاس میں انگلش ہو، مراٹھی ہو، اردو ہو، میتھس یا سائنس ہر مضمون پر دسترس رکھتی تھی اور اپنے طلباء کیلئے ذہن ودل پر بھی اس نے ان مٹ نقوش چھوڑے ہیں اتنی کم عمری میں شعر و شاعری سے بھی کافی شغف رکھتی تھی اور ٹیچرس ڈے کے موقع پر اپنے اساتذہ کو ضرور یاد رکھتی تھی بہترین ہینڈ رائٹنگ ہونے کے باوجود ربانی خطاطی مرکز سے خطاطی سیکھ کر فیضان ربانی ایوارڈ حاصل کیا J.A.T کیمپس میں ICT ٹریننگ میں Best Performance کا ایوارڈ حاصل کیا۔ آج ہم اس تحریر کے ذریعے چیئرمین وانتظامیہ J.A.T. کیمپس اور تمام اساتذہ اسے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے اللہ سے دعا گو ہیں کہ اللہ پاک کنیز فاطمہ کی مغفرت فرمائے اس کے درجات بلند کرے جنت الفردوس میں مقام اعلیٰ نصیب کرے اور اس کے علم کو اس کے حق میں صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین ثم آمین!
شریک غم: صباء محمد انصاری (معلمہ J.A.T. گرلس ہائی اسکول اینڈ جونیئر کالج)۔

اردو مراٹھی پرائمری اسکولوں کے تحفظ کیلئے گارڈ تقرری کیا جائے



مالیگاؤں (پریس ریلیز) سیوک ایجوکیشنل سوشل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی نے مورخہ 27 جنوری 2022 بروز جمعرات میونسپل کمشنر سے تحریری مکتوب کے ذریعے یہ مطالبہ کیا ہے کہ جس طرح حال ہی میں دواخانوں اور دیگر سرکاری عمارتوں کے تحفظ کے لئے گارڈ کی تقرری کی گئی ہے اسی طرح شہر کی اردو مراٹھی پرائمری اسکولوں کی عمارتوں کے تحفظ کے لئے بھی مقامی لوگوں کو گارڈ کی پوسٹ پر سرکاری نوکری دی جائے تاکہ شہر کی اردو مراٹھی پرائمری اسکولوں کی عمارتوں کو نقصان نہ پہنچے۔ اسکول کی عمارتوں میں قیمتی اور مہنگے کمپیوٹر اور پرنٹر کے علاوہ دیگر ساز وسامان بھی ہوا کرتے ہیں اور گارڈ نہ ہونے کی وجہ سے چوری ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں اس لیے سیوک سوسائٹی آپ سے التماس کرتی ہے کہ جلد از جلد شہر کی تمام اردو مراٹھی پرائمری اسکولوں میں مقامی سطح کے لوگوں کو گارڈ کی پوسٹ پر سرکاری نوکری دی جائے۔ صدر سیوک سوسائٹی سہیل ماسٹر اور رضوان سیوک نے میونسپل کارپوریشن کمشنر سے تحریری مطالبہ کرتے ہوئے یہ مکتوب دیا۔

اعلانات، دینی تعلیمی سماجی سرگرمیاں

مراسلات سے ایڈیٹر کا اتفاق ضروری نہیں

رشتوں کو بھی وقت دیں

نئی نئی شادی ہوئی۔ کچھ دنوں بعد عورت نے شوہر سے طلاق لینے کے لئے مقدمہ دائر کر دیا۔ تاریخ پہ تاریخ پڑنے لگی۔ طلاق ہونے تک ساتھ میں رہنا تھا۔ بات چیت بند تھی، عورت کا موبائل خراب ہو گیا۔ موبائل ریپیرنگ والے نے کہا ایک ہفتہ لگے گا۔ عورت شوہر کے پاس جا کر بیٹھ گئی۔ وقت خراب ہو تو پھر بھی کٹ جاتا ہے لیکن موبائل خراب ہو تو وقت نہیں کٹتا۔ میاں بیوی میں خوب بات چیت ہوئی۔ وکیل نے فون کیا اور کہا کہ کل کی تاریخ میں طلاق ہو جائے گا۔ عورت نے کہا مجھے طلاق نہیں چاہئے، میرا موبائل خراب ہو گیا ہے۔ ان کے ساتھ وقت گزار رہی ہوں وہ بہت اچھے آدمی ہیں۔
جتنا وقت ہم سوشل میڈیا، واٹس اپ، فیس بک کو دیتے ہیں۔ اگر ہم گھر والوں کو دیں تو محبت میں اضافہ ہو جائے۔ وقت رہتے پوچھ لیا کرو کیسے ہو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ پوچھنا پڑ جائے کیسے ہو گیا؟

تم تھے، وقت تھا، میں نہیں
میں تھا، وقت تھا تم نہیں
میں ہوں، تم ہو، وقت نہیں
وقت رہے گا تم نہیں، میں نہیں

آصف پلاسٹک والا
ربانی ٹاور، مدنپورہ، ممبئی ۱۱
9323793996

سوئیس ہائی اسکول مالیگاؤں میں یوم جمہوریہ منایا گیا



مالیگاؤں (پریس ریلیز) ملک عزیز ہندوستان اپنی گنگا جمنی تہذیب وثقافت کے لیے مشہور ومعروف ہے۔ یہ وہ سرزمین عزیز ہے جس کے دامن میں ہر جانب کے ہر رنگ ونسل کے لوگ آئے اور آباد ہو گئے۔ اس ملک میں وطن کی محبت میں سرشار اس ملک کی آن بان شان کو سلامت رکھنے کے لیے کروڑہا کروڑ ہندوستانی ہر قسم کے ایثار وقربانی کے لیے تیار رہتے ہیں اور قومی تہواروں کے موقع پر اس کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ اور اپنے گلی محلوں، مکانوں، تعلیم گاہوں کو ترنگے سے، قمقمے سے، جھلملاتی روشنیوں سے آباد کرتے ہیں۔ کورونا مہاماری کے سبب یہ اندیشہ تھا کہ یہ خوشی بھی نہ ہم سے روٹھ جائے مگر مقام شکر ہے کہ امسال تمام جگہوں یوم جمہوریہ نہایت شان وشوکت سے منایا گیا۔ اسی ضمن میں بروز بدھ صبح آٹھ بجے ۲۶ جنوری ۲۰۲۲ء کو سوئیس ہائی اسکول کے وسیع وعریض گراؤنڈ پر رسم پرچم کشائی بدست رکن انجمن سوئیس ڈاکٹر شفیق احمد جمیل حسن انجام پذیر ہوئی۔ سینئر ٹیچر، سوپروائزر محترم عبدالعزیز سر کی ہدایت پر طلباء وطالبات نے یک زبان راشٹریہ گیت پیش کر کے ایک کیف، ایک سرور، ایک سماں طاری کر دیا۔ طلباء وطالبات کے اندر ایک عجیب جوش وخروش نظر آ رہا تھا۔ اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے فوراً مختصری ثقافتی تقریب کا آغاز انجمن سوئیس کے سکریٹری عالی جناب عبدالرحیم سیٹھ صاحب کی صدارت میں ترتیب دیا گیا۔ اس موقع پر خازن انجمن محترم آمین سیٹھ کستھے والے موجود تھے۔ دیگر مہمانان میں جناب نعیم روشن، جناب ناصر بھائی رائل کیمسٹ، سعود بھائی، عبدالرحیم دیپ مالا نے بھی طلباء وطالبات کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ اور ہر طالب علم کی بھرپور پذیرائی کی اور نقد انعامات سے نوازا۔ ایوبی اشفاق سر نے اول تا آخر یوم جمہوریہ کی مناسبت سے ملک کے دستور، دستور کی سالمیت اور ملک کے آئین اور آئین کے پاسبان کے متعلق سیر حاصل گفتگو طلباء وطالبات سے کی۔ پروگرام کے دوران روبو ایج کے نتائج کا بھی اعلان کیا گیا۔ روبو ایج جنرل نالج مقابلہ ہر سال منعقد ہوتا ہے جس میں سوئیس سے بھی سیکڑوں طلباء سینئر معلم جاوید اختر عبدالعزیز صاحب کی رہنمائی میں شرکت کرتے ہیں۔ روبو ایج کے اس مقابلے کے لیے جاوید سر بھرپور محنت کرتے ہیں۔ امسال نتائج کے مطابق شہر تاپر کا انعام سوئیس ہائی اسکول کی ایک طالبہ کو ملا۔ جس کا انعام پروگرام میں طالبہ کو دیا گیا۔ مینجمنٹ سوئیس نے بھی جاوید سر کی کارکردگی سے خوش ہو کر ان کو مبارکباد پیش کی۔ اور نقد روپیوں کا لفافہ خدمت میں پیش کیا گیا۔ اشفاق ایوبی سر نے بھرپور طریقے سے پروگرام کو کامیابی سے آخر تک چلایا۔ اشفاق سر کے شکریے کے ساتھ یہ پروگرام اختتام تک پہنچا۔ شعبہ نشر واشاعت: اشفاق ایوبی، سوئیس ہائی اسکول، مالیگاؤں۔

روزنامہ نشاط نیوز مالیگاؤں 31-01-2022

وارڈ نمبر ۱۴ باغ قاسم میں سابق رکن اسمبلی آصف شیخ رشید کا دورہ



مالیگاؤں (پریس ریلیز) وارڈ نمبر 14 باغ قاسم میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے۔ یہاں عوام کی سہولیات کے کام زیرو ہوتے ہیں اس وارڈ میں چاروں کارپوریٹر مہا گٹھ بندھن کے ہیں لیکن یہاں کام نہ ہونے کی وجہ سے اس علاقے کی عوام نے اپنے مسائل کو حل کروانے کے لئے شیخ آصف کو مدعو کیا اور اپنے مسائل بتائے راشٹروادی کانگریس پارٹی کے ضلعی صدر آصف شیخ رشید نے عوام کے مسائل سننے کے بعد گٹر کا مسائل پندرہ دن میں حل کرنے کا یقین دلایا؛ سرکردہ شخصیات حاضر تھی جن میں جمشید بھائی چترے والے، خان باقر حسین؛ راشٹروادی کانگریس سیوادل کارگزار صدر شفیق باکسر؛ مسعود سیٹھ؛ مزمل حسین جمیل ملا؛ رئیس انکل؛ مختار احمد (ایم پی ٹیلر)؛ عظیم احمد موجود تھے۔

کارپوریٹر فاروق قریشی کی کوششوں سے سیمنٹ روڈ کا افتتاح



مالیگاؤں (پریس ریلیز) سروے نمبر 58/2 سلام چاچا روڈ کے پاس لیاقت سیٹھ چڑے والے کے پاس میئر طاہرہ شیخ رشید کے فنڈ سے کارپوریٹر فاروق قریشی کی کوششوں سے سیمنٹ روڈ کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس افتتاح کے موقع پر لیاقت سیٹھ چڑے والے، صغیر سیٹھ، اقبال بھائی ڈان، مفتی عامر، فیاض بھائی، احمد بھائی بیٹری والے، شوکت بھائی، کمال موبائل والے، کلیم بھائی آر کے، بلال احمد، عبدالخالق، صابر بھائی چڑا موجود تھے۔ محلے کی ماؤں بہنوں نے اس روڈ کی تعمیر پر شکریہ ادا کیا کیونکہ 15 سالوں کے بعد اب یہ سڑک بنی ہے جبکہ اس علاقے میں جتا دل کے تین کارپوریٹر اور بھی ہیں۔ یہ کام کانگریس کی کارپوریٹر حمیدہ فاروق قریشی کے ذریعے ہوا۔

وارڈ نمبر ۲ میں میئر طاہرہ شیخ کے خصوصی فنڈ سے کارپوریٹر وٹھل بروے و معاون کارپوریٹر جبار ٹھیکیدار کی کوششوں سے سیمنٹ کانکریٹ روڈ کی تعمیر کا افتتاح



مالیگاؤں (پریس ریلیز) موجودہ میئر طاہرہ شیخ کے دور اقتدار میں شہر مالیگاؤں کی عوام کو کتنی زیادہ راحت ملے اس پر میئر طاہرہ شیخ کا زیادہ سے زیادہ دھیان رہا ہے اور میئر طاہرہ شیخ نے اول دن سے شہر کی تعمیر و ترقی کو ترجیح دیتے ہوئے شہریان کی تکالیف کو ختم کرنے کے لئے اقتدار کے کارپوریٹر اور اپوزیشن کے کارپوریٹر سب کو فنڈ دیا ساتھ ہی اپنے خصوصی فنڈ سے شہر میں بڑے بڑے تعمیری کاموں کو انجام دینے کا کام کیا۔ کل بروز اتوار دوپہر ۲ بجے رمضان پورہ وارڈ نمبر 2 بسم اللہ چوک کے پاس 15 لاکھ روپے کے میئر طاہرہ شیخ کے خصوصی فنڈ سے اور کارپوریٹر وٹھل بروے و معاون کارپوریٹر جبار ٹھیکیدار کی کوششوں سے سیمنٹ کانکریٹ روڈ کی تعمیر کا افتتاح سابق میئر شیخ رشید کے ہاتھوں سے کیا گیا۔ اس افتتاحی تقریب میں وارڈ نمبر 2 کے بزرگ و نوجوان شامل تھے۔

آصف شیخ کو صحافت دوست ایوارڈ، سیف پریوار کی جانب سے استقبال



مالیگاؤں (پریس ریلیز) مہاراشٹر کے اقلیتوں کے رہنما فعال خدمت گار آصف شیخ رشید جو خود بھی ایک اخبار کے ایڈیٹر تھے صحافیوں کے لئے شہر میں اردو میڈیا سینٹر کی تعمیر کروائی اردو دوستی میں اردو گھر کی تعمیر ہوئی اردو مراٹھی الیکٹرانک پرنٹ میڈیا کے سبھی نمائندوں سے ہمیشہ مخلصانہ تعلق رکھتے ہیں اکثر صحافیوں کے صلح مشورے سے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں آپ قریبی لوگوں میں زیادہ تر صحافی حضرات ہی پائے جاتے ہیں ہمیشہ صحافیوں کے ساتھ ہر معاملے میں اعانت کرتے ہیں ان تمام امور کا اعتراف کرتے ہوئے گزشتہ دنوں آگرہ روڈ سیف پریوار آفس پر آصف شیخ رشید صاحب کو عبدالرحمن سیف اور مفتی عبدالقیوم کے ہاتھوں صحافت دوست ایوارڈ سے نوازا گیا وہیں عرفان سیف، سفیان سیف سمیت دیگر اسٹاف کے لوگوں نے انہیں گلدستہ اور شال پیش کر کے انکی صحافتی خدمات کا اعتراف کیا اس موقع پر بیشتر علماء صحافی حضرات اور سوشل ورکر کے علاوہ زمین کی تجارت سے جڑے افراد کثیر تعداد میں موجود تھے آصف شیخ نے سیف نیوز کو مبارکباد دیتے ہوئے مفصل انٹرویو بھی دیا وہیں بیشتر افراد ان سے مضافاتی بستیوں میں جاری مسائل کو حل کرنے کی گزارش کی کچھ خاص مذہبی افراد نے بھی اپنے مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے آئندہ ان کے ساتھ مکمل حمایت و تعاون کی یقین دہانی کی۔

وارڈ نمبر ۲۱ وفد نے صدر راشٹروادی کانگریس پارٹی آصف شیخ رشید کی سرپرستی میں شیخ رشید سے کی ملاقات



مالیگاؤں (عادل پٹھان) سیاسی معاملات پر تبادلہ خیال کرنے کیلئے اور آنے والے کارپوریشن الیکشن کو سامنے رکھ کر وارڈ نمبر 21 کے امیدواروں پر اور انکی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے تشکیل دی گئی ایک خصوصی ٹیم آنے والے وقت میں کون سا امیدوار وارڈ کے کاموں میں کھرا اترے گا کون سا امیدوار ہونا چاہئے کس ڈھنگ سے اور کس طریقے سے الیکشن لڑا جائے گا اور وارڈ کے ذمہ دار افراد کس شخص کو وارڈ کا نمائندہ چننا چاہتے ہیں گے ان تمام باتوں پر غور و خوض کیا گیا اور فیصلہ ہوا کہ وارڈ کی عوام جسے اولیت دے گی ہم اسے نمائندہ بنائیں گے۔ اس موقع پر تجربہ کار سینئر رہنما شیخ رشید نے ذمہ داران کو یہ یقین دلایا کہ وقتاً فوقتاً میں آپ کے وارڈ میں خود آؤں گا اور اسی طرح میئر طاہرہ شیخ رشید بھی وارڈ کا دورہ کریگی۔ آصف شیخ رشید نے اپنے آخری الفاظ میں کہا کہ گروہ وار وارڈ کی مکمل طریقے سے بذات میں خود سرپرستی کروں گا اور گروہ وار وارڈ کے ہر پینل پر میری مکمل نظر لگی ہوئی ہے اور ذمہ داران سے کہا کہ اب آپ لوگ وارڈ میں پوری طرح سے تیار ہوکر اتر جائے اور محنت چالو کردیں۔ کچھ لوگوں نے شریف حسین منصوری اور مشرف خان رنگاڑی کو اپنی جانب سے مبارکباد قبل از وقت پیش کردی ہے۔ شیخ رشید نے آئے ہوئے تمام ذمہ داران کا شکریہ ادا کیا اور اس ملاقات کو خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر کیا گیا۔ اس موقع پر شریف منصوری، مشرف خان رنگاڑی، شریف ممبر، شبیر حسان، ہارون قاضی، نبلی احمد، اکبر بھائی، محبوب منصوری، راجو ٹھیکیدار اور دیگر بھی شامل تھے۔


قاری جلیس الرحمن ملی کی صحت کیلئے دعاء کی اپیل

مالیگاؤں (پریس ریلیز) عبداللہ نگر/A کی معروف شخصیت و بیباک عالم دین حضرت مولانا قاری جلیس الرحمن صاحب ملی ان دنوں سخت علیل ہیں وہ پریاس ہاسپٹل میں زیر علاج ہیں لہذا ان کیلئے دعائے صحت کی اپیل ساکنین عبداللہ نگر کے علاوہ علمائے کرام حفاظ کرام و درس قرآن کمیٹی، حلقہ دوست احباب مسجد حاجی الیاس، عبدالعزیز مستری روڈ شوسل کمیٹی، ادارہ پاسبان محمدیہ، ادارہ سیف اللہ خالد بن ولید، گلشن محمدیہ فرینڈ سرکل گروپ، اردو اخبارات پترکار سنگھ نے کی ہے۔

مرکزی رویت ہلال کمیٹی جمعیت علماء مالیگاؤں کی اپیل

مالیگاؤں (پریس ریلیز) ماہ رجب المرجب کا چاند دیکھنے کی کوشش کریں بروز بدھ بتاریخ ۲ فروری ۲۰۲۲ ۲۹ جمادی الاخری ہے، اس لیے تمام برادران اسلام سے گذارش کی جاتی ہے کہ بروز بدھ کو ماہ رجب المرجب کا چاند دیکھنے کی کوشش کریں، ائمہ کرام سے گذارش ہے کہ خصوصی اہتمام فرمائیں، چاند نظر آنے پر دارالقضاء گولڈن نگر، یا مرکزی رویت ہلال کمیٹی جمعیت علماء مالیگاؤں مدنی روڈ نیا پورہ پہنچ کر مطلع کریں۔ مولانا شکیل قاسمی (سکریٹری مرکزی رویت ہلال کمیٹی جمعیت علماء مدنی روڈ مالیگاؤں) 9226217547، مفتی محمد اسماعیل صاحب قاسمی 9890524526

پروگریسو آرگنائزیشن کی جانب سے مالیگاؤں میں مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت



مالیگاؤں: مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت کا پروگرام مالیگاؤں میں 30 جنوری کو شام 4.30 بجے سے 5.20 بجے تک مہاتما گاندھی مجسمہ موسم پل میں مختلف ترقی پسند سماجی تنظیموں کے ذریعہ منعقد کیا گیا تھا۔ جوشی، سبھاش پردیشی اور دیگر بزرگوں کے ہاتھوں پھولوں کی چادر چڑھا کر ان کو خراج عقیدت پیش کیا۔ مہاتما گاندھی اور جدوجہد آزادی کے تمام شہیدوں کے ساتھ ساتھ سماجی مفکر ڈاکٹر انسیل اوجات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ آشا گھونگھٹی، پریم دم دومالا، ہم مالیگاؤں کر، مہاتما جیوتیبا پھولے تعلیم سنستھا، آشا ودھ سنستھا سنگھٹنا اور بال سیوادل سینک کے کارکنان موجود تھے۔

صدمہ عظیم

مالیگاؤں (پریس ریلیز) 30 جنوری بروز اتوار محوی نگر، گلی نمبر 4، جمیل بھیا، یاسین بھائی، یوسف اور للو بھائی کے والد عبدالواحد اور والدہ رفیق النساء انتقال کر گئے۔ دونوں کی تدفین کل رات 10 بجے بڑا قبرستان میں عمل میں آئی۔

جامعہ ام القریٰ اسلامپورہ میں سماعت حفظ قرآن کریم

مالیگاؤں (پریس ریلیز) کل بروز اتوار ۳۰ جنوری صبح ساڑھے ۸ بجے جامعہ ام القریٰ اسلامپورہ کی ایک ذہین و فطین طالبہ انصاری صبا فردوس محمد خالد چونا بھٹی کی ساکن بچی کی والدہ کارپوریشن اردو اسکول نمبر ۳۳ میں ٹیچر ہیں۔ طالبہ نے پوری ہمت اور جانفشانی کیساتھ مذکورہ جید عالم دین و عظیم المرتبت حفاظ کرام کے روبرو مکمل حفظ قرآن کریم یک وقت سنانے کی سعادت حاصل کی۔ اس موقع پر حضرت مولانا افتخار سالک قاسمی صاحب (شیخ الحدیث جامعہ تعلیم البنات)، حضرت مولانا مفتی محمد حسنین صاحب (شیخ الحدیث جامعہ ام القریٰ)، محترمہ حافظہ واحدہ آپا صاحبہ (معلمہ جامعۃ الصالحات)، محترمہ حافظہ ڈاکٹر زینب آپا صاحبہ (صدر معلمہ جامعہ ام القریٰ) موجود تھے۔ کل رات ٹھیک ۹ بجے تکمیل حفظ قرآن کی دعائیہ مجلس کا انعقاد بھی عمل میں آیا۔ خواتین اسلام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ صدر جامعہ ام القریٰ ڈاکٹر جمیل احمد ربانی صاحب 9270121770 نے دی۔

روزنامہ "نشاط نیوز" سے متعلق قانونی تنازعات کی صورت میں مالیگاؤں ہی کی عدالتوں کو حق سماعت ہوگا۔ قانونی مشیر: ایڈوکیٹ اعظم خان ● خبروں کے مشمولات کے ذمہ دار نیوز ایڈیٹر: انصاری احسان الرحیم، مالیگاؤں ● مالک و مدیر و چیف ایڈیٹر محمود اختر سراج احمد

مسلمانوں سے ووٹ چاہتے ہیں، لیکن انہیں ٹکٹ دینے میں ہچکچاتے ہیں: اویسی



لکھنو(ایجنسی) آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی نے ہفتہ کے روز ان الزامات کی زبردست تردید کی، جس میں کہا گیا تھا کہ وہ آئندہ ماہ ہونے جا رہے آئندہ اترپردیش اسمبلی انتخابات 2022 میں اقلیتی طبقے کو تقسیم کرکے بی جے پی کی مدد کرنا چاہتے تھے۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اور کانگریس پر بھی نشانہ سادھا اور کہا کہ یہ صرف مسلمانوں سے ووٹ چاہتے ہیں، لیکن انہیں الیکشن میں ٹکٹ دینے میں ہچکچاہٹ کرتے ہیں۔ اسدالدین اویسی نے این ڈی ٹی وی کے ساتھ ایک انٹرویو میں کہا، نام نہاد سیکولر لوگ چاہتے ہیں کہ مسلمان صرف قالین بچھائیں اور زندہ باد کے نعرے لگائیں۔ اگر آپ کو ٹکٹ چاہیے تو آپ کو بھیک مانگنی ہوگی...... یہ ان کی منافقت، دوہرا معیار ہے۔ سیاسی طور پر اہم اترپردیش میں اس بار سات مرحلوں میں ووٹنگ ختم ہوگی اور اس کی شروعات 10 فروری کو ریاست کے مغربی حصے کے 11 اضلاع کی 58 سیٹوں پر ووٹنگ کے ساتھ ہوگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 10 مارچ کو ہوگی۔ اسدالدین اویسی نے مسلم لیڈر عمران مسعود کے ساتھ سماج وادی پارٹی کے تلخ رشتوں کے بارے میں کہا، "آپ سہارنپور سے کسی کو بلاتے ہیں، فوٹو کھینچتے ہیں اور پھر اسے دھوکہ دیتے ہیں؟"

بقیہ: تین طلاق قانون کی پیروکار......

اس دوران ڈاکٹر واجپئی نے سابق وزیر شیو چرن پرجاپتی کے علاوہ بی ایس پی کے سینئر لیڈر و سابق وزیر اعلیٰ کے چیف صلاح کار رہے گنگا رام امبیڈکر اور ایس پی کی لوہیا واہنی کے سابق صدر راکیش پال سمیت دیگر پارٹیوں کے لیڈروں کو بی جے پی میں شامل کیا۔ انہوں نے ان لیڈروں کا بی جے پی کیمپ میں استقبال کرتے ہوئے کہا کہ ان سبھی کے آنے سے پارٹی کی عوامی حمایت کو تقویت ملے گی۔ معلوم رہے کہ بی جے پی کی رکنیت اختیار کرنے والی ندا خان اسلام کے حلالہ نظام کے خلاف آواز بلند کرنے و مسلم رہنماؤں کے خلاف ناشائستہ زبان استعمال کرنے کی وجہ سے سرخیوں میں رہی ہیں۔ اور لگاتار بی جے پی کا اسٹیج شیئر کرتی رہی ہیں۔ ندا کی سال 2015 میں درگاہ اعلیٰ حضرت کے سربراہ سبحان رضا خان سبحانی کے چھوٹے بھائی عثمان رضا خان عرف انجم میاں کے بیٹے شیران رضا خان کے ساتھ شادی ہوئی تھی، لیکن جلد ہی دونوں میں طلاق ہو گئی۔ فی الحال ندا خان کا معاملہ طلاق ثلاثہ کے حوالے سے عدالت میں زیر غور ہے۔

NESHAT NEWS DAILY, PRINTED BY MAHMOOD AKHTAR SIRAJ AHMED, ADDRESS: 1209, ISLAMPURA, MALEGAON, DIST. NASHIK. 423203. PUBLISHED BY MAHMOOD AKHTAR SIRAJ AHMED, ADDRESS: 1209, ISLAMPURA, MALEGAON DIST. NASHIK. 423203. AND OWNED BY MAHMOOD AKHTAR SIRAJ AHMED, ADDRESS:1209, ISLAMPURA, MALEGAON, DIST. NASHIK. 423203. PRINTED AT SHARP OFFSET PRINTERS, 10, SARDAR NAGAR, MALEGAON. DIST. NASHIK. 423203. AND PUBLISHED AT 229/5, NEAR MASOOM SIZING, DAYANE, MALEGAON, DIST. NASHIK. 423203 . EDITER: MAHMOOD AKHTAR SIRAJ AHMED, ADDRESS: 1209, ISLAMPURA, MALEGAON, DIST. NASHIK. 423203.
R.N.I. No. MAHURD125655/2013, PH., WEBSITE: www.neshatnews.in, EMAIL: neshatnewsurdu@gmail.com Licence to post at Concessional Rate No. MGN/156/2021-2023